# 18-02-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ویزاگ آئی ایف آر کا معائنہ کرتے ہوئے مستحکم بحری آرڈر کیلئے اتحاد اور متحدہ ذمہ داری کو ضروری قرار دیا۔

۲۔ پی ایم مودی اور ہسپانوی صدر پڈرو نے نئی دہلی اے آئی سمٹ کے دوران تجارت اور اختراعیت پر تبادلہ خیال کیا۔

۳۔توانائی ،اصل کرنسی ہے، وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے یہ بات کہی جنہوں نے ممبئی ماحولیاتی ہفتہ میں تلنگانہ کے اسٹراٹیجک ویژن کو پیش کیا۔

۴۔الیکشن کمیشن نے راجیہ سبھا کی 37 نشستوں کیلئے انتخابات کا اعلان کیا ہے جو 16 مئی کو ہوں گے۔

اور

۵۔جی ایچ ایم سی کمشنر آر وی کرنن نے ماہ رمضان کے پیش نظر پرانے شہر کا دورہ کیا اور صفائی اقدامات کو بہتر بنانے پر زور دیا۔

PREZ-IFR

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے جو مسلح فورسس کی سپریم کمانڈر ہیں، آج وشاکھاپٹنم کی ساحل پر انٹرنیشنل فلیٹ ریویو (آئی ایف آر) 2026ء کا معائنہ کیا۔صدر جمہوریہ نے اِس موقع پر آئی این ایس سومیدھا پر سوار ہوکر 71 ہندوستانی اور بیرونی کشتیوں کا جائزہ لیا۔اِس موقع پر انہوں نے زور دیا کہ مستحکم بحریہ کو یقینی بنانے کیلئے اتحاد، بھروسہ اور اجتماعی ذمہ داری اہم ہے۔دنیا بھر کے ممالک کے پرچموں والی کشتیوں کی موجودگی کے تعلق سے انہوں نے کہا کہ یہ عالمی اتحاد کا

ایک نمونہ ہے جبکہ آئی ایف آر کا موضوع سمندر کے ذریعہ متحد ہونا ہے جس سے عالمی برادری میں تال میل کا ایک ٹھوس پیام جاتا ہے۔

SOUND BYTE

PM - AI

وزیراعظم نریندر مودی نے آج نئی دہلی میں انڈیا اے آئی امپیکٹ سمٹ کے موقع پر مختلف عالمی لیڈرس کے ساتھ ملاقات کی۔ وزیراعظم نے اسپین کے صدر پیڈرو سینچز کے ساتھ صبح کے وقت حیدرآباد ہاؤس میں ملاقات کی۔ دونوں لیڈرس نے باہمی تعلقات کو بہتر بنانے کے تحت وسیع تر موضوعات پر بات چیت کی۔ وزارتِ داخلی امور کے مطابق جن اہم موضوعات پر بات چیت کی گئی ان میں تجارت، معیشت، ڈیجیٹل اختراعیت، صحت، ماحولیات اور تعلیم شامل ہیں۔ مودی نے ہند۔ای یو تعلقات کیلئے اسپین کی مسلسل حمایت کی ستائش کی۔ مودی نے ایک سوشیل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ انہوں نے ہند۔اسپین دوستی کو فروغ دینے کے موضوع پر بات چیت کی بالخصوص دفاع، سلامتی اور ٹکنالوجی کے علاوہ دیگر موضوعات پر بھی بات چیت کی گئی۔

AI EXPO

حکومت نے انڈیا اے آئی امپیکٹ ایکسپو کی مدت میں اس ماہ کی 21 تاریخ تک توسیع کی ہے۔ الکٹرانکس اور انفارمیشن ٹکنالوجی کی وزارت کے سکریٹری کرشنن نے کہا کہ مختلف گوشوں سے مختلف ردِعمل ملنے پر یہ فیصلہ کیا گیا۔انہوں نے بتایا کہ یہ ایکسپو 8 بجے شام تک جاری رہے گا۔

IBRAHIMPATNAM:'

تلنگانہ ہائی کورٹ کے حکم کے بعد ضلع رنگاریڈی میں ابراہیم پٹنم میونسپل چیرمین کے تعلق سے

جاری قانونی پیچیدگیاں دور ہوگئی ہیں۔ ہری کانت نامی ایک شخص کی جانب سے داخل کردہ اپیل کی سماعت کرتے ہوئے جس میں الزام عائد کیا گیا تھا کہ ان کے والد اور 19 ویں وارڈ کے کونسلر اکولا یادگیری لاپتہ ہیں، عدالت نے واضح کیا کہ صدرنشین کے انتخاب کے تعلق سے قطعی فیصلہ کا اختیار ریٹرننگ آفیسر کے پاس رہے گا۔ ہائی کورٹ نے ضلع کلکٹر اور پولیس کو ہدایت دی کہ یادگیری پر کسی طرح کا دباؤ نہ ڈالا جائے۔

RS - ELECTIOIN:

الیکشن کمیشن آف انڈیا نے سرکاری طور پر راجیہ سبھا کے انتخابات کا شیڈول جاری کیا ہے کیونکہ ملک کی دس ریاستوں سے 37 ارکان کی میعاد اپریل میں ختم ہو جائے گی۔ اعلان کے مطابق رسمی اعلامیہ 26 فروری کو جاری کیا جائے گا جبکہ پرچہ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ پانچ اپریل ہوگی اور امیدوار 9 مارچ تک نامزدگی سے دستبردار ہو سکتے ہیں۔ رائے دہی 16 مارچ کو صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک ہوگی جبکہ نتائج اسی دن شام میں جاری کئے جائیں گے۔ تلنگانہ میں اس وقت راجیہ سبھا کی دو نشستیں ایسی ہیں جن کی میعاد 9 اپریل کو ختم ہوگی۔ یہ ارکان بی آر ایس کے سریش ریڈی اور کانگریس کے ابھیشیک سنگھوی ہیں۔

SPEAKER:

ریاستی اسمبلی اسپیکر گڈم پرساد آج، خیریت آباد کے ایم ایل اے دانم ناگیندر کے خلاف نااہل قرار دئے جانے سے متعلق درخواست کی سماعت کر رہے ہیں۔ یہ پٹیشن بی آر ایس کے ایم ایل اے کوشک ریڈی اور بی جے پی کے نمائندگوں نے داخل کی ہے۔

KAMAREDDY:

کاماریڈی کے کلکٹر آشیش سنگوان نے کہا ہے کہ ایم جی این آر ای جی ایس کے ورکرس، دیہی سطح پر آبی وسائل کے فروغ اور روزگار کی فراہمی میں اہم رول رکھتے ہیں۔ تریمن پلی میں تعمیری کاموں کا معائنہ کرتے ہوئے کلکٹر نے کہا کہ ان پروجیکٹس کے ذریعہ زیرزمین پانی کی بچت پر توجہ دی جانی چاہیئے۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ تمام مزدوروں کیلئے پینے کا پانی، شیڈ اور فرسٹ ایڈ کی سہولت کو یقینی بنایا جائے۔

INSPECTION:

جی ایچ ایم سی کے کمشنر آروی کرنن نے ماہ رمضان المبارک کے پیش نظر چار مینار زون میں صفائی کے کاموں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے مکہ مسجد، مدینہ اور چار مینار علاقوں کے دورہ کے دوران عہدیداروں کو ہدایت دی کہ عملہ کو متعین کیا جائے اور کچرا اٹھایا جائے اور ڈرین کے پانی کی صفائی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ مساجد اور دیگر بڑے مقامات پر صفائی کے خصوصی اقدامات کئے جائیں کیونکہ ماہ صیام کے دوران لوگوں کی آمد و درفت میں اضافہ ہوتا ہے۔ کمشنر نے یہ ہدایت بھی دی کہ صفائی کے کاموں پر نظر رکھنے کیلئے زائد عملہ کو مقرر کیا جائے۔ انہوں نے دوکانداروں اور شہریوں سے بلدی عملہ کے ساتھ تعاون کرنے کی اپیل کی تا کہ ماہ مقدس کے دوران شہر کو صاف ستھرا رکھا جائے۔

YADADARI

یادادری بھونگیر کے ایڈیشنل کلکٹر بھاسکر راؤ نے مقدس ماہ رمضان کے پیش نظر ضلع بھر کی مساجد اور آس پاس کے علاقوں میں تمام تر ضروری سہولتیں اور بنیادی خدمات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

CANTONMENT:

ایم ایل اے سری گنیش نے مرکزی حکومت پر سکندرآباد کنٹونمنٹ بورڈ کے حدود میں جمہوریت کو نظرانداز کرنے کا الزام لگاتے ہوئے آج منعقدہ بورڈ میٹنگ کا بطورِ احتجاج بائیکاٹ کیا۔ انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ بی جے پی پچھلے 6 سال سے انتخابات کے بجائے نامزد امیدواروں کو استعمال کرتے ہوئے تاناشاہی کررہی ہے۔ کنٹونمنٹ کو فوری طور پر جی ایچ ایم سی میں ضم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے انہوں نے انتباہ دیا کہ وہ کنٹونمنٹ مرجر تحریک میں مزید شدت لائیں گے۔

TEMPLE

یادگیری گٹہ میں واقع مشہور سری لکشمی نرسمہا سوامی ٹمپل میں سالانہ برہم اتسو تقاریب کے پیش نظر میڈی کوور ہاسپٹل نے 18 سے 28 فروری تک فری میڈیکل کیمپ منعقد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اِس کیمپ کا افتتاح ٹمپل کے اگزیکٹیو آفیسر بھوانی شنکر نے کیا۔

CLIMATE WEEK:

ممبئی ماحولیاتی ہفتہ کے دوران وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے تلنگانہ کیلئے ایک اسٹراٹیجک ویژن پیش کیا جو معیشت کی توسیع اور ماحولیاتی استحکام سے مربوط ہے۔ انہوں نے توانائی کو معیشت کی بنیادی کرنسی قرار دیتے ہوئے کہا کہ تلنگانہ میں روزانہ 16 ہزار 610 میگاواٹ برقی خرچ ہوتی ہے جو توقع ہے کہ سال 2034ء تک بڑھ کر 34 ہزار میگاواٹ ہوجائے گی۔ ایک ٹریلین ڈالر والی معیشت کے نشانہ کی حمایت کرتے ہوئے ریونت ریڈی نے کہا کہ تخمینی طور پر ریاست کی برقی کا 25 فیصد حصہ گرین انرجی کے ذریعہ حاصل ہوتا ہے۔ انہوں نے بنیادی ستون جیسے تعلیم،

روزگار اور چھوٹی تجارت پر توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ تین اہم زونس ہوتے ہیں جو علاج، خالص اور شاذ و نادر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خاص طور پر حیدرآباد، کوراربن علاقائی معیشت کے طور پر خدمات انجام دے رہا ہے جبکہ پیوزون، آؤٹر اور ریجنل رنگ روڈ کے درمیان ہیں۔

KOMATIREDDY

سڑکوں، عمارتوں اور سنیماٹوگرافی کے وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ نلگنڈہ کو آئندہ دو برسوں میں اسمارٹ سٹی میں تبدیل کیا جائے گا۔ وزیر نے نلگنڈہ میونسپل کارپوریشن کے 38 اور 41 ویں ڈویژنوں میں تقریباً 1.30 کروڑ روپے کی لاگت سے ترقیاتی پروگراموں کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حیدرآباد کی طرح مقامی پارکس کو ماڈل پارکس کے طور پر ترقی دی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ حفظانِ صحت اور پینے کے پانی کو پہلی ترجیح رہے گی جبکہ پہلے ہی 24 گھنٹے پانی کی سربراہی کا پروجیکٹ لطیف صاحب گٹہ میں شروع کیا جاچکا ہے۔ کومٹ ریڈی نے انتباہ دیا کہ وہ صفائی کے کاموں کا اچانک معائنہ کریں گے۔ انہوں نے میئر اور ڈپٹی میئر اور کارپوریٹرس پر زور دیا کہ صفائی اور بنیادی سہولتوں پر ہر وقت خصوصی توجہ برقرار رکھی جائے۔

MINORITIES

اقلیتی بہبود کے ریاستی وزیر محمد اظہر الدین، سرکاری وہپ مہندر ریڈی اور ریاستی مشیر محمد علی شبیر نے آج ریاستی اقلیتی بہبود کارپوریشن کے ذریعہ اقلیتوں کو مالی امداد حوالہ کی۔ اس پروگرام کے دوران جس میں مختلف ایم ایل سیز اور سینئر عہدیدار بھی موجود تھے، مہندر ریڈی نے کہا کہ

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی ریاست میں اقلیتوں کی ترقی اور بھلائی کیلئے مسلسل کام کررہے ہیں۔ انہوں نے اس سلسلہ میں اظہرالدین اور محمد علی شبیر کی خدمات کی ستائش کی۔

ICC T20 CRICKET

آئی سی سی مینس ٹی20 کرکٹ ورلڈ کپ میں پاکستان نے آج سنہالیس اسپورٹس کلب کولمبو میں کھیلے جارہے گروپ اے کے ایک میاچ میں نمیبیا کے خلاف 200 رن کا نشانہ رکھا ہے۔ پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کرتے ہوئے پاکستان نے مقررہ 20 اوورس میں تین وکٹ کھوکر 199 رن بنائے۔صاحبزادہ فرحان نے 58 گیندوں میں 100 رن بنائے۔ گروپ اے کے ایک اور میاچ میں آج دفاعی چمپئن ہندوستانی ٹیم، نیدرلینڈ کے خلاف احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں کھیلے گی۔ یہ میاچ سات بجے شام سے کھیلا جائے گا۔ آج کھیلے گئے ایک اور میاچ میں ساؤتھ آفریقہ نے گروپ ڈی کے اپنے آخری میاچ میں یو اے ای کو 6 وکٹ سے ہرایا۔ ساؤتھ آفریقہ نے 13.2 اوورس میں چار وکٹ کھوکر جیت کیلئے درکار 123 رن کا نشانہ حاصل کرلیا اور سوپر 8 مرحلہ میں داخل ہوگئی۔ ساؤتھ آفریقہ کا مقابلہ سوپر 8 راؤنڈ میں اتوار کو ہندوستان کے خلاف احمد آباد میں ہوگا۔

Exhibition Center HITEX

23واں ایڈیشن بایو ایشیا 2026 آج Exhibition Center HITEX میں اختتام پذیر ہوگیا، جس کے ساتھ ہی شہر Hyderabad نے عالمی سطح پر لائف سائنسز اور ہیلتھ ٹیک کے ایک نمایاں مرکز کے طور پر اپنی ساکھ مزید مستحکم کرلی۔اس عالمی سمٹ کا افتتاح وزیر اعلیٰ Revanth Reddy نے کیا۔کانفرنس کا مرکزی موضوع مصنوعی ذہانت پر مبنی آٹومیشن اور

حیاتیاتی انقلاب رہا، جس پر ماہرین نے تفصیلی گفتگو کی۔ اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے آئی ٹی وزیر Sridhar Babu نے حکومت کی جانب سے نئے اقدامات کا اعلان کیا، جن میں صحت سے متعلق ڈیٹا اکٹھا کرنے کا جامع نظام اور بایو بینکس کے قیام کے منصوبے شامل ہیں۔ تقریب میں 200 سے زائد بین الاقوامی نمائش کنندگان نے شرکت کی، جبکہ دواسازی میں جدت طرازی اور نئی تحقیقی پیش رفت پر مبنی بصیرت افروز پینل مباحثے بھی منعقد ہوئے۔ آخر میں صنعت میں نمایاں خدمات انجام دینے والی متعدد اسٹارٹ اپ کمپنیوں کو اعزازات سے نوازا گیا۔

Sound Byte

○○